© rasailojaraid.com

# گروزنی کی صوفیاء کانفرنس کے حوالے سے چیچن صدر کی وضاحت

روزنامہ ''سبق'' نے 21 نومبر 2016ء کو یہ خبر اخبار الشرق الاوسط کے حوالہ سے نقل کی ہے کہ چیچنیا کے صدر رمضان قدیروف نے اخبار الشرق الاوسط کو بتلاتے ہوئے یہ بیان جاری کیا ہے کہ ہمارے سعودی عرب سے تعلقات بہت قدیم ہیں اور زمانے کے تغیرات سے یہ تعلقات تبدیل ہونے والے نہیں بلکہ آئندہ آنے والے زمانہ میں یہ مزید مضبوط ہونگے۔

اور گروزنی میں ہونے والی کانفرنس جن کا عنوان ''اہل سنت والجماعت کون ہیں'' کے بارے میں ذکر کرتے ہوئے کہا۔

ہم سلفیوں کے مخالف نہیں ہیں اور نہ ہی سلفی اہل سنت والجماعت سے خارج ہیں بلکہ کانفرنس ان لوگوں کے خلاف منعقد کی گئی جو جھوٹے سلفی ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں اور ایسے شعارات استعمال کرتے ہیں جو اہل سنت والجماعت کے ہیں۔ ہم سلفیوں کے بالکل مخالف نہیں ہیں بلکہ سلفی ہی وہ لوگ ہیں جو سلف صالحین یعنی صحابہ وتابعین اور ائمہ دین کے راستہ پر چلنے والی جماعت ہے۔

اور شدت پسند ہیں اور یہی مسلمانوں کے درمیان بہت سارے فتنوں اور فسادات اور تباہی وبربادی کا باعث ہیں۔ شرکاء کانفرنس اور انتظامیہ کا یہ قطعاً مقصد نہیں ہے۔ کہ وہ مسلمانوں کو دھڑوں میں تقسیم کرے بلکہ ہمارا تو مقصد ہی مسلمانوں میں اجتماعیت کو پیدا کرنا ہے۔

(الشرق الاوسط بحوالہ روزنامہ ''سبق'' بتاریخ 21 نومبر 2016ء۔)

© rasailojaraid.com